# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ اقبالیات)

**وارننگ**

عزیز طلبہ !آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفیکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ

| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر 1 | 10-06-2026 | -- | -- |
| مشق نمبر 2 | 06-07-2026 | مشق نمبر 1 | 06-07-2026 |
| مشق نمبر 3 | 31-07-2026 | -- | -- |
| مشق نمبر 4 | 20-08-2026 | مشق نمبر 2 | 20-08-2026 |

نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے

کورس: اقبالیات۔I (303) سمسٹر: بہار، 2026ء

سطح: انٹر میڈیٹ

### برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

### (ہدایات برائے میٹرک، ایف اے، بی اے پروگرامز)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

4- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5- غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

# امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ:1-5)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر1۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کیجیے۔ (20)

1۔ علامہ اقبال نے میٹرک کا امتحان کب اور کہاں سے پاس کیا؟

2۔ کس مشہور انگریز شاعر کی طرز پر اقبال نے اردو میں ایک طویل نظم لکھنے کا ارادہ کیا؟

3۔ علامہ اقبال نے اورئینٹل کالج میں کتنے سال ملازمت کی؟

4۔ 1904ء میں اقبال کی کون سی مستقل کتاب شائع ہوئی؟

5۔ علامہ اقبال نے اعلیٰ تعلیم کے لیے یورپ کا سفر کب کیا؟

6۔ اقبال نے لندن میں بار ایٹ لا کے لیے کس کالج میں نام رجسٹر کروایا؟

7۔ "گرم رکھتا تھا ہمیں سردیِ مغرب میں جو داغ" شعر مکمل کیجیے۔

8- علامہ اقبال نے اپنی مشہور نظم "شکوہ" کب اور کہاں پڑھی؟

9- اقبال نے اپنی والدہ کے انتقال پر طویل نظم کہی، نظم کا عنوان بتایئے۔

10- مثنوی "اسرارِ خودی" کب شائع ہوئی؟

11- علامہ اقبال کو سر کا خطاب کب دیا گیا؟

12- اقبال دوسری مرتبہ یورپ کب اور کیوں گئے؟

13- اندلس میں مسجد کی زیارت کے بعد اقبال نے کس عنوان سے نظم لکھی؟

14- مثنوی "مسافر" اقبال کے کس مشہور سفر کی یادگار ہے؟

15- "بانگِ درا" کا دیباچہ کس نے تحریر کیا؟

16۔ "خیرہ نہ کر سکا مجھے جلوۂ دانشِ فرنگ" دوسرا مصرعہ بتایئے۔

17۔ "اشتراکیت" کیا ہے؟

18۔ کرشک پرجا پارٹی کس صوبے کی سیاسی جماعت تھی؟

19۔ قائداعظم محمد علی جناح کے نام اقبال کے خطوط کی تعداد کتنی ہے؟

20۔ کمیونل ایوارڈ میں مسلمانوں کے لیے کس طریق انتخاب کا اصول تسلیم کیا گیا؟

سوال نمبر2۔ قائداعظم کے نام اقبال کے خط مرقومہ 21جون 1937 کے مندرجات پر نوٹ تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر3۔ "ارمغان حجاز" کا مفصل تعارف پیش کیجیے۔ (20)

سوال نمبر4۔ "ضرب کلیم" کی نظموں کے موضوعات کا تجزیہ پیش کیجیے۔ (20)

سوال نمبر5۔ 1905ء تک اقبال کی ابتدائی زندگی کے اہم نکات بیان کیجیے۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ:6-9)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر1: مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کیجیے۔ (20)

1- اقبال کی شاعری کو کتنے ادوار میں تقسیم کیا جاسکتا ہے؟

2- نظم "ایک پرندہ اور جگنو" کتنے اشعار پر مشتمل ہے؟

3- "نہیں ہے چیز نکمی کوئی زمانے میں" شعر مکمل کیجیے۔

4- "بے تاب ہے اس جہاں کی ہر شے / کہتے ہیں جسے سکوں نہیں ہے" یہ شعر کس نظم کا ہے؟

5- "یہاں کوتاہیِ ذوقِ عمل ہے خود گرفتاری / جہاں بازو سمٹتے ہیں وہیں صیاد ہوتا ہے" شعر کے خالق کا نام بتائیے۔

6- نظم "چانداور تارے" میں سوال پوچھنے والا کون ہے؟

7- نظم "چانداور تارے" میں وقت کو کس چیز سے تشبیہ دی گئی ہے؟

8- "جوانوں کو سوزِ جگر بخش دے" دوسرا مصرعہ کیا ہے؟

9 اقبال نے 1914ء میں انجمن حمایتِ اسلام کے سالانہ جلسے میں کون سی نظم پڑھی تھی؟

10- "گدائی میں بھی وہ اللہ والے تھے غیور اتنے / کہ منعم کو گدا کے ڈر سے بخشش کا نہ تھا یارا" اس شعر میں غیور کسے کہا گیا ہے؟

11- "جو دیکھیں ان کو یورپ میں تو دل ہوتا ہے سیپارہ" کس چیز کو یورپ میں دیکھنے سے شاعر کا دل سیپارہ ہوتا ہے؟

12- "تاجِ سرِ دارا" سے کیا مراد ہے؟

13- نظم "ایک نوجوان کے نام" اقبال کے کس مجموعہ کلام میں شامل ہے؟

14- "امارت کیا شکوہِ خسروی بھی ہو تو کیا حاصل" شعر مکمل کیجیے۔

15- اقبال کے خیال میں کس چیز سے زندگی کی تلخیوں کو دل پسند بنایا جاسکتا ہے؟

16- نظم "نالہ ءیتیم" اقبال کے کس مجموعہ کلام میں شامل ہے؟

17- حضرت بلالؓ کی وفات کب اور کہاں ہوئی؟

18- مثنوی کس نظم کو کہتے ہیں؟

19- "نظر تھی صورتِ سلماںؓ ادا شناس تری/شراب دید سے بڑھتی تھی اور پیاس تری" اس شعر میں کس کی طرف اشارہ ہے؟

20۔ نظم "صقلیہ" کب اور کہاں لکھی گئی؟

سوال نمبر2- (الف) مختصر بیان کیجیے۔ (10+10=20)

(I) نظم "بلالؓ" کا خلاصہ

(II) نظم "ایک پرندہ" اور جگنو کا مرکزی خیال

سوال نمبر3۔ "اقبال اور نئی نسل" کے عنوان سے مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر4- نظم "صقلیہ" اور "فاطمہ بنتِ عبداللہ" کے حوالے سے ملتِ اسلامیہ کے ماضی، حال اور مستقبل پر نوٹ تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر5۔ نظم "چاند اور تارے" کے حوالے اقبال کے فلسفہ عمل و حرکت پر نوٹ تحریر کیجیے۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر 3

(یونٹ:10-14)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر1۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کیجیے۔ (20)

1۔ "فرد قائم ربطِ ملت سے ہے تنہا کچھ نہیں" شعر مکمل کیجیے۔

2۔ "ہیں جذب باہمی سے قائم نظام سارے/پوشیدہ ہے یہ نکتہ تاروں کی زندگی میں"، یہ شعر کس نظم کا ہے؟

3۔ "لیلائے ظلمت" سے کیا مراد ہے؟

4۔ نظم "پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ" کا مرکزی خیال کون سے شعر میں بیان ہوا ہے؟

5۔ ستاروں کے نظام سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

6۔ "اقبال نامہ" کے مرتب کا نام بتایئے؟

7۔ یورپ جاتے ہوئے دہلی قیام کے دوران اقبال نے کس بزرگ کے مزار پر حاضری دی؟

8- "وہ بادہ‌ٔ شباب کی سر مستیاں کہاں/اٹھیے! بس اب کہ لذتِ خوابِ سحر گئی" یہ شعر کس کا ہے؟

9- اقبال نے "بابِ لندن" کس شہر کو کہا ہے؟

10- اقبال نے مدیر "وطن" کے نام یورپ سفر کے دوران پہلا خط کس تاریخ کو لکھا؟

11- "ہرے رہو وطنِ مازنی کے میدانو!" وطن مازنی کس ملک کو کہا گیا ہے؟

12- "مقالاتِ اقبال" کے مرتب کا نام بتایئے؟

13- سلیمانِ اعظم کس ملک کا بادشاہ تھا؟

14- نوٹر ڈیم کا مشہور گرجا کہاں واقع ہے؟

15- اقبال نے نزول قرآن کی سالگرہ کسے کہا ہے؟

16۔ خطبہ "عید الفطر" میں قرآن پاک کی کتنی آیات کا حوالہ ہے؟

17۔ "چومتا ہے تیری پیشانی کو جھک کر آسماں" کس سے خطاب کیا گیا ہے؟

18۔ نظم "ترانہ ہندی" کب لکھی گئی؟

19۔ کون سا شہر ایک مدت تک اسلامی تہذیب و ثقافت کا مرکز رہا؟

20۔ چاک اس بلبلِ تنہا کی نوا سے دل ہوں "اس مصرعے میں "بلبلِ تنہا کسے کہا گیا ہے؟

سوال نمبر 2۔ نظم "جواب شکوہ" میں اقبال نے کس سے اور کیوں شکوہ کیا ہے؟ نظم کے مدِ نظر رکھتے ہوئے وجوہات بیان کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ نظم "ترانہ ملی" کا فکری و فنی جائزہ پیش کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ مدیر "وطن" کے نام اقبال کے دوسرے خط کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5۔اقبال کی نثر کی خصوصیات بیان کیجیے۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر 4

(یونٹ:15تا18)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر1: مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کیجیے۔ (20)

1- نظم "جواب شکوہ"، نظم "شکوہ" کے کتنے سال بعد لکھی گئی؟

2- نظم "جواب شکوہ" کتنے بندوں پر مشتمل ہے؟

3- "عقل ہے تیری سپر، عشق ہے شمشیر تری" شعر مکمل کیجیے۔

4- "مردمِ چشمِ زمیں یعنی وہ کالی دنیا"، کالی دنیا کسے کہا گیا ہے؟

5- "باپ کا علم نہ بیٹے کو اگر ازبر ہو" شعر مکمل کیجیے؟

6- "تختِ فغفور بھی ان کا تھا سریرِ کے بھی"، "سریرِ کے" سے کیا مراد ہے؟

7- ملتِ اسلامیہ کے زوال کے بڑے بڑے اسباب کیا ہیں؟

8- "جوابِ شکوہ" کے آخری بند میں کس سے وفاداری کا درس دیا گیا ہے؟

9 "گلزارِ ہست و بود نہ بیگانہ وار دیکھ" شعر مکمل کیجیے۔

10- عہدِ حاضر میں اردو شاعری کو کون سی دو بڑی قسموں میں تقسیم کیا جاتا ہے؟

11- "نہ کہیں جہاں میں اماں ملی، جو اماں ملی تو کہاں ملی" شعر مکمل کیجیے۔

12- "تو ہے زناریِ بت خانہ ءایام ابھی" "زناریِ بت خانہ ءایام" کسے کہا گیا ہے؟

13- غزل اور نظم کی زبان میں کیا فرق ہوتا ہے؟

14- غزل اور مثنوی میں اردو کے سب سے مشہور شعرا کون ہیں؟

15- اقبال کی غزل کے عام موضوعات کیا ہیں؟

16- "گزر جا عقل بن کے سیلِ تندرو کوہ و بیاباں سے/گلستاں راہ میں آئے تو جوئے نغمہ خواں ہو جا" یہ شعر کس نظم کا ہے؟

17-اقبال نے گلزارِ ہست وبود کسے کہا ہے؟

18-انسان کی خودی کس چیز سے کمزور ہوتی ہے؟

19-ملتِ اسلامیہ کا نظام کس آئین پر مبنی ہے؟

20۔"حکیم الامت" کا کیا مطلب ہے؟

سوال نمبر2- مختصر بیان کیجیے- (10+10=20)

(I) "جوابِ شکوہ" کا مرکزی خیال

(II) اقبال کی اردو غزل

سوال نمبر3۔ اقبال کے فلسفہءخودی پر مفصل نوٹ تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر4-اقبال کے خیال میں ملتِ اسلامیہ کے زوال کے اسباب کیا تھے؟ مفصل بیان کیجیے۔ (20)

سوال نمبر5۔"جوابِ شکوہ" فکری جائزہ پیش کیجیے۔ (20)